نحن انصار اللہ

MAJLIS ANSARULLAH
UNITED KINGDOM

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# 2024

# نصاب برائے اجتماع

## قیادت تعلیم، مجلس انصار اللہ یو کے

QIADAT TA'LEEM
MAJLIS ANSARULLAH UK

# فہرست


1. عمومی قواعد
2. مقابلہ تلاوت قرآن کریم
3. رمضان المبارک پروگرام حفظ قرآن زیر اہتمام جملہ ریجنز
4. مقابلہ نظم خوانی
5. For Non Urdu Speaking Ansar
6. مقابلہ تقریر اردو (تیار شدہ)
7. مقابلہ تقریر فی البدیہہ اردو
8. بیت بازی
9. پیغام رسانی
10. مضمون نویسی (فی البدیہہ)

اجتماع کا موضوع:

عباد الصالحین

# عمومی قواعد

- نیشنل اجتماع میں وہی انصار حصہ لے سکیں گے جنہوں نے ریجنل اجتماعات میں اپنے معیار میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہو گی۔اگر کسی وجہ سے پوزیشن ہولڈر مقابلے میں شامل نہیں ہو سکے تو ریجنل ناظم اعلیٰ یا ناظم تعلیم کسی دوسرے ناصر کا نام قبل از وقت دے سکیں گے۔
- ریجنز کے لیے پوزیشن ہولڈرز کے نام جمع کروانے کی آخری تاریخ

سالانہ اجتماع سے کم از کم 15 دن قبل ہے۔

- ایک وقت میں ایک سے زیادہ مقابلے منعقد ہوں گے۔ مقابلہ جات کا تفصیلی شیڈیول اجتماع سے قبل جاری کیا جائے گا۔
- منصفین کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

# مقابلہ تلاوت قرآن کریم

- اس مقابلہ میں حصّہ لینے والے انصار قرآن مجید کی صرف ان آیات کی تلاوت کر سکتے ہیں جو اجتماع کے نصاب کے لیے منتخب کی گئی ہیں۔
- نصاب کے علاوہ دیگر آیات کو مقابلے میں پڑھنے کی اجازت نہ ہوگی۔
- منصفین کو کسی بھی موقع پر قاری کو روکنے کا حق حاصل ہوگا۔
- زبانی تلاوت کرنے کے کوئی زائد مارکس نہیں ہوں گے۔
- مارکنگ صحیح تلفظ، قراءت / تجوید اور خوش الحانی پر مبنی ہوگی۔

## نصاب تلاوت

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝١

وَلَقَدۡ كَتَبۡنَا فِی الزَّبُوۡرِ مِنۡۢ بَعۡدِ الذِّكۡرِ اَنَّ الۡاَرۡضَ يَرِثُهَا عِبَادِیَ الصّٰلِحُوۡنَ ۝١٠٦ اِنَّ فِیۡ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوۡمٍ عٰبِدِيۡنَ ۝١٠٧

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ۝١٠٨ قُلۡ اِنَّمَا يُوۡحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلۡ اَنۡتُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ۝١٠٩

(سورۃ الانبیاء:106-109)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝١

قُلۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تُحِبُّوۡنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوۡنِیۡ يُحۡبِبۡكُمُ اللّٰهُ وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡ ذُنُوۡبَكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ

رَّحِيۡمٌ ۝٣٢ قُلۡ اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوۡلَ ۚ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الۡكٰفِرِيۡنَ ۝٣٣

(سورۃ آل عمران:32-33)

# رمضان المبارک پروگرام حفظ قرآن زیر اہتمام جملہ ریجنز

1. یہ مقابلہ نہیں ہے بلکہ ہر ناصر جو حفظ مکمل کر لے گا اسے انعام اور سند دی جائے گی۔
2. اس میں حصّہ لینے والے انصار کو درج ذیل نصاب یاد کرنا ہوگا۔

## نمازوں میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تلاوت فرمودہ آیات اور سورتیں

- شرکائے مذکورہ بالا آیات میں سے کہیں سے بھی پڑھنے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔
- آیات کا ترجمہ نہیں سنا جائے گا۔
- حفاظِ کرام کو اس میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔
- ریجنز جملہ انصار سے سننے کا انتظام رمضان المبارک کے اندر نصاب سن کر فہرستیں قیادت تعلیم کو بھجوائیں گے

### نمازوں میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تلاوت فرمودہ آیات اور سورتیں

| دن | نماز | پہلی رکعت | دوسری رکعت |
|---|---|---|---|
| جمعہ | فجر | سورۃ (بنی اسرائیل) الاسراء آیات 79 تا 85 | سورۃ الکہف آیات 1 تا 11 |
| | مغرب | سورۃ الفیل | سورۃ القریش |
| | عشاء | سورۃ الضحیٰ | سورۃ التین |
| ہفتہ | فجر | سورۃ البقرۃ آیات 1 تا 8 | سورۃ البقرۃ آیات 9 تا 17 |
| | مغرب | سورۃ الفلق | سورۃ الناس |
| | عشاء | آیۃ الکرسی | سورۃ البقرۃ آخری آیات |
| اتوار | فجر | سورۃ الکہف آیات 103 تا 107 | سورۃ الکہف آیات 108 تا 111 |
| | مغرب | سورۃ الفلق | سورۃ الناس |
| | عشاء | سورۃ حم السجدۃ آیات 31 تا 33 | سورۃ حم السجدۃ آیات 34 تا 37 |
| سوموار | فجر | سورۃ البقرۃ آیات 285 تا 287 | سورۃ آل عمران آیات 191 تا 195 |
| | مغرب | سورۃ الفلق | سورۃ الناس |
| | عشاء | سورۃ الحشر آیات 19 تا 22 | سورۃ الحشر آیات 23 تا 25 |
| منگل | فجر | سورۃ البقرۃ آیات 255 تا 258 | سورۃ آل عمران آیات 26 تا 31 |
| | مغرب | سورۃ الکافرون | سورۃ النصر |
| | عشاء | سورۃ الزلزال | سورۃ التکاثر |
| بدھ | فجر | سورۃ الکہف آیات 103 تا 107 | سورۃ الکہف آیات 108 تا 111 |
| | مغرب | سورۃ اللہب | سورۃ الاخلاص |
| | عشاء | سورۃ الشمس | سورۃ الضحیٰ |
| جمعرات | فجر | سورۃ البقرۃ آیات 285 تا 287 | سورۃ آل عمران 191 تا 195 |
| | مغرب | سورۃ الفلق | سورۃ الناس |
| | عشاء | سورۃ الضحیٰ | سورۃ الم نشرح |

# مقابلہ نظم خوانی

- اس مقابلہ میں حصّہ لینے والے انصار مقررہ نصاب میں سے کسی بھی نظم سے کوئی سے 2 اشعار پڑھ سکتے ہیں۔
- نصاب کے باہر سے نظم پڑھنے کی اجازت نہ ہوگی۔
- منصفین کو کسی بھی موقع پر نظم پڑھنے والے کو روکنے کا حق حاصل ہوگا۔
- زبانی نظم پڑھنے کے کوئی زائد مارکس نہیں ہوں گے۔
- مارکنگ تصحیح تلفظ، آواز کے معیار اور خوش الحانی پر مبنی ہوگی۔
- مقابلے کے لیے مقررہ نصاب درج ذیل ہے:

**درِّثمین**

ہر طرف فکر کو دوڑا کے تھکایا ہم نے
کوئی دیں دینِ محمدؐ سا نہ پایا ہم نے
کوئی مذہب نہیں ایسا کہ نشاں دکھلاوے
یہ ثمر باغِ محمدؐ سے ہی کھایا ہم نے
ہم نے اسلام کو خود تجربہ کر کے دیکھا
نور ہے نور اٹھو دیکھو سنایا ہم نے

**کلامِ محمود**

ظہورِ مہدئ آخر زماں ہے
سنبھل جاؤ کہ وقتِ امتحاں ہے
محمد میرے تن میں مثلِ جاں ہے
یہ ہے مشہور جاں ہے تو جہاں ہے
گیا اسلام سے وقتِ خزاں ہے
ہوئی پیدا بہارِ جاوداں ہے

# FOR NON-URDU SPEAKING ANSĀR

| | |
|---|---|
| يا قلبي اذكر أحمدا | عين الهدى مفني العدا |
| برّاً كريما محسنا | بحر العطايا والجدا |
| بدر منير زاهرٌ | في كلّ وصف حُمِّدا |

# مقابلہ تقریر اردو (تیار شدہ)

- مقرّر کو مندرجہ ذیل عناوین میں سے کسی ایک پر تقریر کرنے کی اجازت ہوگی:

1. عباد الصالحین کیسے بنا جائے۔
2. نظامِ خلافت کی حفاظت اور اس کے استحکام کے لیے آخر دم تک جدوجہد کرتا رہوں گا۔
3. میں اپنی اولاد کو بھی ہمیشہ خلافت سے وابستہ رہنے کی تلقین کرتا رہوں گا۔
4. عباد الصالحین کی صفات۔

- مقررہ نصاب کے علاوہ کسی عنوان پر تقریر مقابلہ میں شامل نہیں کی جائے گی۔
- مقرر کو زیادہ سے زیادہ 3 منٹ تک تقریر کرنے کی اجازت ہوگی۔ پہلی گھنٹی 2 منٹ پر ہوگی جسکے بعد 3 منٹ سے قبل اسے تقریر ختم کرنا ہوگی۔
- تقریر دیکھ کر پڑھنے کی بھی اجازت ہوگی جبکہ زبانی تقریر کرنے والے مقرر کو اضافی نمبر دیے جائیں گے۔
- منصفین کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ مقرر کو کسی بھی وقت روک دیں۔
- نمبروں کی تقسیم صحیح تلفظ، اندازِ بیان، مواد اور حفظ پر مبنی ہوگی۔
- اردو زبان کے تقریری مقابلے میں حصہ لینے والے انصار انگریزی زبان کے تقریری مقابلہ میں اور اسی طرح انگریزی زبان کے تقریری مقابلے میں حصہ لینے والے انصار اردو زبان کے تقریری مقابلہ میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

# مقابلہ تقریر فی البدیہہ اردو

1. یہ مقابلہ سب کے لیے ہے اور کوئی بھی ناصر اس میں حصہ لے سکتا ہے۔
2. اس دفعہ یہ مقابلہ روایت سے کچھ ہٹ کر ہو گا۔ عناوین کے بجائے ہر شامل کو مغربی معاشرے میں پیش آنے والے حقیقی سوالات دیے جائیں گے جن کا جواب دینا ہو گا۔ نمونہ کے طور پر چند سوالات درج ذیل ہیں

- صداقت حضرت مسیح موعود علیہ السلام از قرآن ثابت کریں۔
- صداقت حضرت مسیح موعود علیہ السلام از حدیث ثابت کریں۔
- حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کیسے تربیت اولاد فرمائی؟
- میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو کیوں مانتا ہوں؟
- حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر ایمان لانا کیوں ضروری ہے؟

3. ہر مقرر کو تیاری کے لیے 2 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔
4. مقرر کو تقریر کرنے کے لیے 2 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔ پہلی گھنٹی ڈیڑھ منٹ پر بجے گی جس کے بعد 2 منٹ مکمل ہونے تک مقرر کو تقریر ختم کرنا ہو گی۔
5. منصفین کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ مقرر کو کسی بھی وقت روک دیں۔
6. نمبروں کی تقسیم صحیح تلفظ، مواد، اور اندازِ بیان پر مبنی ہو گی۔
7. اردو زبان کے تقریری مقابلے میں حصہ لینے والے انصار انگریزی زبان کے تقریری مقابلہ میں اور اسی طرح انگریزی زبان کے تقریری مقابلے میں حصہ لینے والے انصار اردو زبان کے تقریری مقابلہ میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

# بیت بازی

1. ہر ریجن سے 3 ممبران پر مشتمل ایک ٹیم کو اس مقابلہ میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔
2. صرف درج ذیل کتب سے اشعار پڑھنے کی اجازت ہوگی   درثمین، کلامِ محمود، کلامِ طاہر، درعدن، بخارِ دل
3. ٹیم کو اس حرف سے شعر شروع کرنا ہوگا جس حرف پر پچھلی ٹیم نے شعر ختم کیا ہوگا۔
4. شعر پڑھنے کے لیے 10 سیکنڈز دیے جائیں گے۔
5. یہ مقابلہ ناک آؤٹ بنیاد پر ہوگا۔

# پیغام رسانی

1. ہر ریجن سے صرف 5 ممبران پر مشتمل ایک ٹیم کی اجازت ہو گی۔
2. ہر ٹیم کے پاس اپنے پیغام کو اردو یا انگریزی میں منتخب کرنے کا اختیار ہو گا۔
3. ہر ٹیم لیڈر کو پیغام 2 بار پڑھ کر سنایا جائے گا۔ اس کے بعد اسے یہ پیغام 3 منٹ میں اگلے رُکن تک پہنچانا ہو گا
4. ہر ٹیم کے ممبر کو خاموشی سے اگلے ممبر تک پیغام پہنچانا ہو گا ورنہ ٹیم نا اہل قرار دی جا سکتی ہے۔
5. ہر ٹیم کے آخری ممبر کو پیغام خوش خط لکھنے کے لیے 5 منٹ دیے جائیں گے۔

# مضمون نویسی (فی البدیہ)

1. اس مقابلہ میں مجلس انصار اللہ برطانیہ سے تعلق رکھنے والا کوئی بھی ناصر حصہ لے سکے گا۔
2. اجتماع کے دوران دوسرے دن نماز ظہر سے قبل تک مقررہ جگہ پر آکر دیے گئے عنوان پر 30 منٹ میں ایک مختصر مضمون تحریر کرنا ہوگا۔
3. یہ مضمون اردو، انگریزی اور عربی زبان میں لکھا جاسکے گا۔
4. بہترین مضامین کو اول، دوم اور سوم انعامات دیے جائیں گے۔

MAJLIS ANSARULLAH
UNITED KINGDOM

QIĀDAT TA'LEEM
MAJLIS ANSARULLAH UK

@QiadatUK

Majlis Ansarullah UK

ansar.org.uk